
NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

# نیویارک سٹی میں سینکچوری سٹی قوانین



Urdu

جنوری 2025

## MOIA کی ترک وطن سے متعلق قانونی ہاٹ لائن

# کال کریں: 1-800-354-0365

### پیر تا جمعہ، صبح 9 تا شام 6 بجے تک

**آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی دستیاب ہے**

ترک وطن کے بارے میں مفت اور رازدارانہ قانونی مدد کے لیے نیویارک کے تارکین وطن کے لیے میئر کے دفتر برائے امورِ تارکین وطن (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) کی ترک وطن سے متعلق قانونی معاونت کی ہاٹ لائن ( MOIA (Immigration Legal Support hotline پر کال کر سکتے ہیں۔

## نیویارک سٹی 24/7 ہاٹ لائن

# کال کریں: 311

### بولیں "Immigration"

**ترجمانی دستیاب ہے**


ترک وطن کا قانون پیچیدہ ہے۔
ترک وطن سے متعلق قانونی دھوکہ بازیوں یا فراڈ کرنے والوں سے ہوشیار رہیں جو جھوٹے وعدے کر سکتے ہیں۔

**یاد رکھیں:** ایسا پبلک نوٹری جو لائسنس یافتہ اٹارنی نہ ہو، وہ آپ کی طرف سے ترک وطن کا فارم نہیں بھر سکتا یا فائل نہیں کر سکتا۔ انہیں آپ کو قانونی مشورہ بھی نہیں دینا چاہیے۔

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

**نیو یارک، نیویارک کے تمام باشندوں کی زندگیوں کو اہمیت دیتا ہے۔ آپ کی ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر، ہم چاہتے ہیں کہ آپ یہاں رہنے میں محفوظ محسوس کریں۔**



# "سینکچوری سٹی" سے کیا مراد ہے؟



جب ترک وطن کی بات ہو، تو نیویارک سٹی ایک "سینکچوری سٹی" ہے۔

نیو یارک سٹی کے سینکچوری سٹی کے قوانین سٹی کے ترک وطن نافذ کرنے والے وفاقی اداروں کے ساتھ تعاون کرنے کی صلاحیت پر کچھ پابندیاں عائد کرتے ہیں۔

نیو یارک سٹی کے سینکچوری قوانین کا مطلب یہ نہیں ہے کہ نیویارک سٹی سے کسی کو ڈی پورٹ نہیں کیا جاتا۔

# نیویارک سٹی کے قوانین کیسے میرا تحفظ کرتے ہیں؟



ہمارے سینکچوری قوانین عوامی تحفظ کی ترجیح، مناسب طریقہ کار اور ترک وطن کے نفاذ پر اعتماد کے بارے میں ہیں۔

**شہر کے ایسے قوانین ہیں جو آپ کی رازداری کو تحفظ دیتے ہیں۔**

اگر اس بارے میں آپ کے سوالات ہیں کہ کوئی ایجنسی آپ سے جمع کی جانے والی معلومات کو کس طرح استعمال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تو آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔

**نیو یارک سٹی کے قوانین شہر کی تمام ایجنسیوں کے لیے حدود متعین کرتے ہیں** اس حد تک کہ سٹی کی پراپرٹی، وقت اور وسائل وفاقی ترک وطن کے نفاذ میں مدد کے لیے استعمال میں لائے جا سکتے ہیں۔



اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔
یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

# میں اپنا تحفظ کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟

1

## اپنا فیملی پلان بنائیں۔

**ایک ہنگامی رابطہ منتخب کریں اور ان کے فون نمبرز زبانی یاد کر لیں۔** ہنگامی رابطہ کوئی بھی ایسا شخص ہو سکتا ہے جس پر آپ بھروسہ کرتے ہوں – مثلاً خاندان کا کوئی فرد، دوست، کمیونٹی لیڈر یا وکیل۔

**اپنی دستاویزات کو منظم کریں** اور انہیں کسی ایسی محفوظ جگہ پر رکھیں جہاں تک آپ کے ہنگامی رابطوں کو رسائی حاصل ہو۔

**ایک اسٹینڈ بائی سرپرست منتخب کریں: کوئی ایسا شخص جس پر آپ کو بھروسہ ہو کہ اگر آپ کو حراست میں لے لیا جاتا ہے، تو وہ آپ کے بچے کا خیال رکھے گا۔** اسٹینڈ بائی سرپرستوں کے پاس اختیار ہوتا ہے کہ وہ اپنی دیکھ بھال میں موجود بچے کے لیے اہم فیصلے کریں، بشمول بڑے طبی فیصلے اور اس بارے میں فیصلے کہ بچہ اسکول کہاں جائے۔

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔
یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

**2** حکام کے ساتھ الجھنے سے گریز کریں

**3** کسی بھی مجرمانہ سرگرمی میں ملوث نہ ہوں۔

## MOIA کی ترک وطن سے متعلق قانونی ہاٹ لائن

# کال کریں: 1-800-354-0365

**پیر تا جمعہ، صبح 9 تا شام 6 بجے تک**

**آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی دستیاب ہے**

ترک وطن کے بارے میں مفت اور رازدارانہ قانونی مدد کے لیے نیویارک کے تارکین وطن میئر کے دفتر برائے امورِ تارکین وطن کی ترک وطن سے متعلق قانونی معاونت کی ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔

## نیویارک سٹی 24/7 ہاٹ لائن

# کال کریں: 311

**بولیں "Immigration"**

**ترجمانی دستیاب ہے**

اس کتابچے میں صرف عمومی معلومات دی گئی ہیں۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ قانونی مدد کے لیے اٹارنی سے رابطہ کریں۔

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

## نوٹس:

**www.nyc.gov/immigrants**